سوال

(1103)کیا شہید فی المعرکہ کی نمازِجنازہ ہے؟

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

شہید کی غائبانہ نمازِجنازہ کے بارے میں محدثین کرام اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور آپ ﷺ کے زمانہ میں کیا عمل تھا۔ کیا شہداء کی غائبانہ نمازِجنازہ جس طرح آج پڑھائی جارہی ہے اوراس کو سنت قرار دیا جاتا ہے کیا یہ ٹھیک ہے یا نہیں؟ وضاحت فرمائیں اور جنگ اُحد کا جو حوالہ دیا جاتا ہے اس کی بھی وضاحت فرمائیں۔

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

راجح مسلک کے مطابق ''شہید فی المعرکہ'' کی نمازِجنازہ نہیں۔ صحیح بخاری میں حضرت جابر اور انس رضی اللہ عنہما کی روایات میں اس امر کی تصریح موجود ہے۔ موضوع ہذا پر میرا تفصیلی فتویٰ الاعتصام وغیرہ میں شائع شدہ ہے۔ اس کی طرف مراجعت فرمائیں! امید ہے کہ باعث اطمینان و تشفی ثابت ہوگا۔ مذکورہ بالا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی روایات میں شہدائے احد کی نمازِجنازہ کی نفی ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ :882

محدث فتویٰ